# Muftstudy.com

CLASS 10TH REVISION & TEST SESSION

| NAME: | | ROLL NO: | | T. Marks | 50 |
|---|---|---|---|---|---|
| SUB: | Urdu | غزل: حسرت موہانی، نثری سبق: اولڈ ایج ہوم، تفہیم عبارت، گرامر | | CLASS: | 10th |

سوال نمبر1۔درست جواب کا انتخاب کریں۔ 8

| نمبر شمار | سوالات | (الف) | (ب) | (ج) | (د) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | "ظرفہ تماشا" کا مطلب ہے: | حیران کن بات | کھیل تماشا | دل کش منظر | ہنگامہ |
| 2 | "رئیس المتغزلین" کہا جاتا ہے: | فیض احمد فیض کو | ظہیر کاشمیری کو | جگر مراد آبادی کو | حسرت موہانی کو |
| 3 | میرزا عبدالقیوم کی بہو کا نام تھا۔ | کلثوم | زینب | خالدہ | نگہت |
| 4 | "اولڈ ایج ہوم" کے قیام کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ | برطانوی طرز پر | ہسپانوی طرز پر | یونانی طرز پر | امریکی طرز پر |
| 5 | ان الفاظ میں حرفِ علت ہے: | کے | کہ | تاکہ | تک |
| 6 | اُس کا قد سرو کی طرح لمبا ہے: کس کی مثال ہے؟ | استعارہ | تشبیہ | مجاز مرسل | کنایہ |
| 7 | "آدمی" گرامر کی رو سے ہے: | کنیت | اسم معرفہ | اسم نکرہ | اسم اشارہ |
| 8 | "نظم" کا درست تلفظ ہے۔ | نظمْ | نظِمْ | نظُمْ | نظَمْ |

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم کے شعر کی تشریح کریں اور شاعر کا نام لکھیں۔ 2

دُشوار ہے رِندوں پر انکارِ کرم یکسر
اے ساقیِ جاں پرور! کچھ لُطف و عنایت بھی

سوال نمبر3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کی جیے اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان، مصنف کا نام، اور سیاق وسباق تحریر کریں۔ 10

ایک مہینا گزر گیا۔ نوکر اور نوکرانی نے اپنی ذمے داریوں میں کبھی کسی قسم کی بے قاعدگی نہیں کی تھی مگر اس روز صبح کی چائے چھے بجے کی بجائے ساڑھے سات بجے ملی۔ "معاف کردو باباجی!" ہاجرہ نے خود ہی کہنا شروع کر دیا۔ "چائے دیر سے ملی۔ دیر سے جو آئی ہوں۔" "اچھا۔" اُس نے ہاجرہ کے الفاظ کو کوئی اہمیت نہیں دی تھی۔ "وہ جی۔۔۔ بیمار ہو گیا تھا۔" "کون بیمار ہو گیا تھا؟ اُس نے یوں ہی سوال کر دیا اور چائے کا کپ ہونٹوں سے لگا لیا۔" جی وہ میرا پوتا جی۔ پڑا فکر ہے جی۔ بمار ہی چھوڑ کر آئی ہوں۔ میرا دھیان اُسی میں لگا ہوا ہے۔ دعا کریں، بزرگ ہیں۔ ٹھیک ہو جائے۔" وہ گھونٹ گھونٹ چائے پیتا رہا اور وہ التجایانہ نظروں سے اُسے دیکھتی رہی۔ " دعا کریں گے ناں!" اُس نے فٹبات میں سر ہلا دیا۔ ناشتا تھوڑی دیر بعد یا ابھی؟" ہاجرہ نے ٹرے اٹھاتے ہوئے پوچھا۔ "تھوڑی دیر بعد" اور یہ الفاظ سن کر وہ چلی گئی۔

سوال نمبر 4۔ مختصر جواب تحریر کریں۔ 6

1۔عشاق کے لیے کارِ محبت کیوں نازک ہے؟
2۔"یہ میری کم بخت اولاد ہے تو آپ کی کچھ نہیں لگتی؟" یہ الفاظ کس نے کس سے کہے؟
3۔"اولڈ ایج ہوم" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر5۔درج ذیل نثری سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 4

اولڈ ایج ہوم

سوال نمبر6۔درج ذیل عنوان پر مضمون لکھیں۔ 10

آبِ زم زم، قومی اتفاق، ماحولیاتی آلودگی

سوال نمبر7۔درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔ 10

علامہ اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انھوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر درویشی اور مغرب سے بے زاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدارس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:

اس عبارت کا کوئی موزوں عنوان تحریر کیجیے۔
علامہ اقبالؒ نے شعر کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی ہے؟
اقبالؒ نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟
علامہ اقبالؒ نے مسلمانوں کے اصرار پر کتنے عرصے تک پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی؟
علامہ اقبالؒ نے کن لوگوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطاء کیا؟
اقبال انفرادیت کیا ہے؟
پنجاب اسمبلی میں کیوں حصہ لیا؟